JHARKHAND
ACADEMIC COUNCIL

MODEL QUESTION PAPER

2023

aglasem.com

جھارکھنڈ کونسل برائے تعلیمی تحقیق و تدریس (JCERT) رانچی

سالانہ امتحان 2022-2023

درجہ۔(Class) : 8 — مضمون (Subject) : ۔ اردو

وقت ۔ ۱ گھنٹہ — کل نمبر 50

ضروری ہدایات: * تمام سوالات کے جواب لازمی ہیں۔

* تمام سوالات کے چار ممکنہ جوابات دیے گئے ہیں۔ صحیح جواب کی نشان دہی کریں اور OMR شیٹ میں دیے گئے طریقے کے مطابق جواب دیں۔

۱۔ نظم "شبنم" کے شاعر ہیں:

(i) زبیر رضوی (ii) علامہ اقبال (iii) روشؔ صدیقی (iv) شوکت تھانوی

۲۔ مرزا فرحت اللہ بیگ تھے:

(i) اردو کے ممتاز شاعر (ii) اردو کے ممتاز نثر نگار (iii) ممتاز ڈراما نگار (iv) ممتاز مثنوی نگار

۳۔ رفیع احمد قدوائی کی پیدائش کب ہوئی؟

(i) 18 فروری 1894ء (ii) 18 جنوری 1896ء (iii) 18 مارچ 1914ء (iv) 18 فروری 1949ء

۴۔ "قُرۃ العین حیدر" کے والد کا کیا نام تھا؟

(i) جواد حیدر (ii) نظیر حیدر ریلدرم (iii) سجاد حیدر ریلدرم (iv) علی حیدر ریلدرم

۵۔ "چرندہ" کا معنیٰ ہوتا ہے؟

(i) تیرنے والا (ii) دیکھنے والا (iii) اُڑنے والا (iv) چَرنے والا

۶۔ کے۔ ایل۔ سہگل کا پورا نام تھا؟

(i) کرشن لال سہگل (ii) کمل کمار سہگل (iii) کندن لال سہگل (iv) پیارے لال سہگل

۷۔ حضرت محل کن کی ملکہ تھیں؟

(i) نواب فرُخ کی (ii) واجد علی شاہ کی (iii) ٹیپو سلطان کی (iv) نواب علی احمد کی

۸۔ درج ذیل سے مؤنث لفظ کو چنیے:

(i) موتی (ii) آدم (iii) کتاب (iv) بکرا

۹۔ درج ذیل سے علامہ اقبال کی نظم کو چنیے:

(i) لو پھر بسنت آئی (ii) ماں کا خواب (iii) شبنم (iv) خواب آزادی

۱۰۔ درج ذیل سے "خوش حال" کا متضاد (اُلٹا) چنیے:

(i) اچھا حال (ii) بے حال (iii) بدحال (iv) خراب حال

۱۱۔ ایسا اسم جس سے کسی کام کے کرنے کا پتہ چلے کیا کہلاتا ہے؟

(i) اسم فاعل (ii) اسم مفعول (iii) اسم ذات (iv) اسم صفت

schools.aglasem.com

aglasem.com

۱۲۔ سُننے کی قوت کو کیا کہتے ہیں؟

(i) قوت باصرہ (ii) قوت لامسہ (iii) قوت سامعہ (iv) قوت شامہ

۱۳۔ پطرس بُخاری کا مضمون "بچے" اردو ادب کا کون سا صنف ہے؟

(i) کہانی (ii) انشائیہ (iii) ناول (iv) ڈراما

۱۴۔ غالب کون تھے؟

(i) اردو کے عظیم شاعر (ii) اردو کے بڑے ناول نگار (iii) اردو کے ایک افسانہ نگار (iv) ان میں سبھی

۱۵۔ قُرّۃُالعین حیدر اردو کے ایک ممتاز ترین ناول نگار ہیں۔ اُن کا پہلا ناول ہے:

(i) آگ کا دریا (ii) آخر شب کے ہم سفر (iii) میرے بھی صنم خانے (iv) چاندنی بیگم

۱۶۔ رفیع احمد قِدوائی آزاد ہندوستان کے کون سے وزیر بنائے گئے؟

(i) وزیر تعلیم (ii) وزیر آبی وسائل (iii) وزیر مواصلات (iv) وزیر داخلہ

۱۷۔ قُرّۃُالعین حیدر کی ولادت کہاں ہوئی؟

(i) لاہور میں (ii) کراچی میں (iii) دہلی میں (iv) علی گڑھ میں

۱۸۔ نظم "خواب آزادی" کے حوالے سے بتائیے شاعر نے خواب میں کیا دیکھا؟

(i) میں قید میں ہوں (ii) میں ایک ٹریفک پولس والا ہوں (iii) میں ہر ایک قید سے آزاد ہوں (iv) میں ایک غُلام ملک میں ہوں

۱۹۔ سعادت حسن منٹو کی کہانی "جی آیا صاحب" کا اصل کردار کون ہے؟

(i) قاسم (ii) انسپکٹر صاحب (iii) بی بی جی (iv) ڈاکٹر

۲۰۔ لہرائے وہ آنچل.....دیوالی کے دیپ جلے

درج بالا مصرع کے لیے صحیح لفظ کو چنیے تا کہ مصرعہ مکمل ہو جائے:

(i) نورانی (ii) سُہانی (iii) دھانی (iv) روانی

۲۱۔ "میں ایک چھوٹے سے کالے کالے بیج میں رہتا تھا۔ یہی میرا گھر تھا۔" کون اپنے بارے میں کہہ رہا ہے؟

(i) گُل کنول (ii) گُل داؤدی (iii) گُل عبّاس (iv) گُل فردوس

۲۲۔ "احمد نے ایک کہانی لکھی" اس جملہ میں فاعل کی نشان دہی کیجیے:

(i) کہانی (ii) لکھی (iii) احمد (iv) نے

۲۳۔ جرمنی کے تماشائیوں نے دھیان چند کو کیا نام دیا:

(i) فُٹ بال کا جادوگر (ii) شطرنج کا جادوگر (iii) کرکٹ کا جادوگر (iv) ہاکی کا جادوگر

۲۴۔ محاورہ "لینے کے دینے پڑ جانا" کا معنیٰ ہوتا ہے:

(i) لینا دینا (ii) نفع کی بجائے نقصان پہنچنا (iii) دوہرا فائدہ (iv) ان میں سے کوئی نہیں

۲۵۔ درج ذیل میں سے "مُلّا واحدی" کے انشائیہ کو چنیے:

(i) گُل عبّاس (ii) نہ ہوئی قرولی (iii) چچا کبابی دلّی والے (iv) ایک مزے دار کہانی

schools.aglasem.com

aglasem.com

۲۶۔ جاندار اسم کے مذکر کو کیا کہتے ہیں؟

(i) جنس حقیقی (ii) جنس غیر حقیقی (iii) تانیث (iv) تذکیر

۲۷۔ شرت چند چٹرجی کے ناول پر مبنی فلم "دنیا پاؤنا" کس زبان میں بنی تھی؟

(i) اردو میں (ii) اُڑیہ میں (iii) ہندی میں (iv) بنگالی میں

درج ذیل اقتباس کو پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوال نمبر 28 سے 32 تک کے جواب دیجیے:

"موہن داس کرم چند گاندھی کی پیدائش پوربندر (گجرات) میں 1869ء میں ہوئی تھی۔ انہوں نے لندن سے بیرسٹری کی تعلیم حاصل کر کے جنوبی افریقہ کے شہر نٹال (NATAL) میں وکالت شروع کی۔ 1915ء میں گاندھی جی ہندوستان واپس آئے اور اپنے ملک کی آزادی کے لئے تحریک چلائی۔ 1947ء میں انگریزوں کی غلامی سے ملک آزاد ہوگیا۔ 30/ جنوری 1948ء کو گاندھی جی کی شہادت ہوئی۔ اُن کی سمادھی راج گھاٹ پر واقع ہے۔"

۲۸۔ گاندھی جی کی پیدائش کب ہوئی؟

(i) 1865 (ii) 1870 (iii) 1869 (iv) 1879

۲۹۔ گاندھی جی نے بیرسٹری کی تعلیم کہاں سے حاصل کی؟

(i) جنوبی افریقہ سے (ii) گجرات سے (iii) شہر نٹال سے (iv) لندن سے

۳۰۔ لفظ "غلامی" کا متضاد (اُلٹا) ہے:

(i) قیدی (ii) آزادی (iii) گرفتاری (iv) کھلاپن

۳۱۔ گاندھی جی کا پورا نام ہے:

(i) رام داس گاندھی (ii) موہن داس کرم چند گاندھی (iii) کرم داس گاندھی (iv) ان میں کوئی نہیں

۳۲۔ گاندھی جی کا سمادھی استھل ہے:

(i) شکتی استھل (ii) کرم بھومی (iii) راج گھاٹ (iv) سنگم گھاٹ

۳۳۔ میاں خوجی کا کردار کس سبق میں ہے؟

(i) جی آیا صاحب (ii) بچے (iii) لالچ (iv) نہ ہوئی قرولی

۳۴۔ قُرّۃ العین حیدر کا آخری آرام گاہ کہاں ہے؟

(i) بھوپال کی مسجد میں (ii) لاہور کی شاہی مسجد میں (iii) جامعہ ملّیہ اسلامیہ کے قبرستان میں (iv) کراچی میں

۳۵۔ "علم اور عقل سونے سے نہیں خریدے جاسکتے بلکہ سونا حاصل کرنے کے لئے علم اور عقل کے ساتھ ساتھ دردمند دل بھی پیدا کرنا پڑتا ہے۔" ..... یہ قول کن کا ہے؟

(i) مہاتما گاندھی کا (ii) ارسطو کا (iii) بوعلی سینا کا (iv) حکیم لقمان کا

۳۶۔ شخصیت کی مکمل ترقی کے لیے پڑھنا، لکھنا اور کیا لازم ہے؟

(i) اسکول جانا (ii) اُستاد کی بات ماننا (iii) کھیلنا (iv) گیت گانا

۳۷۔ چچا کبابی کب پیدا ہوئے؟

(i) 1857ء کے دس بارہ سال بعد (ii) 1857ء میں (iii) 1857ء کے دس بارہ سال پہلے (iv) 1857ء کے ایک سال بعد

schools.aglasem.com

aglasem.com

۳۸۔ ڈراما "مہمان" کے لکھنے والے ہیں:

(i) ممتاز مفتی (ii) رام آسرا راز (iii) مرزا کوکب قدر (iv) ابن انشاء

۳۹۔ "ہم" سابقہ کے طور پر استعمال کرتے ہوئے "ایک ہی مذہب کا" کے لیے مرکب لفظ چنیے:

(i) ہم نام (ii) ہم شکل (iii) ہم مذہب (iv) ہم عمر

۴۰۔ "تاج محل" اسم کے کس قسم کی مثال ہے:

(i) اسم نکرہ (ii) اسم معرفہ (iii) اسم ذات (iv) اسم آلہ

۴۱۔ ہندوستان کی ہاکی ٹیم کا پہلی بار اولمپک کھیلوں کے فائنل میں کس کے ساتھ مقابلہ تھا:

(i) پاکستان کے ساتھ (ii) آسٹریلیا کے ساتھ (iii) ہالینڈ کے ساتھ (iv) نیپال کے ساتھ

۴۲۔ پھول والوں سے گل عباس کو کس نے خریدا؟

(i) ماں نے (ii) لڑکے نے (iii) خوبصورت لڑکی نے (iv) ان میں سے کوئی نہیں

۴۳۔ "غلبہ" کا معنیٰ ہے:

(i) بڑھنا (ii) جیتنا (iii) چھا جانا (iv) اُکھڑ جانا

۴۴۔ کس موسم کا خاص طور پر کسان بڑا استعمال کرتے ہیں:

(i) موسم سرما (ii) موسم گرما (iii) موسم برسات (iv) موسم بہار

۴۵۔ چچا کبابی کہاں کے ممتاز کبابی تھے؟

(i) بنارس کے (ii) دلّی کے (iii) آگرہ کے (iv) لکھنؤ کے

۴۶۔ درست اِملا کو چنیے:

(i) مجہب (ii) مشجد (iii) صنم (iv) کلم

۴۷۔ جاڑا، گرمی اور برسات کا جھگڑا کس سبق میں ہے؟

(i) ایک مزے دار کہانی (ii) لالچ (iii) مہمان (iv) گُل عباس

۴۸۔ "فسانۂ آزاد" پنڈت رتن ناتھ سرشار کا مشہور ..... ہے:

(i) افسانہ (ii) کہانی (iii) ڈراما (iv) ناول

۴۹۔ کسی گیت یا نظم میں ایک جیسے آواز اور حرف پر ختم ہونے والے الفاظ کو کیا کہتے ہیں؟

(i) ردیف (ii) قافیہ (iii) رموز (iv) تشبیہ

۵۰۔ درج ذیل شعر میں چھُٹے ہوئے لفظ کو نیچے سے چُن کر مکمل کیجیے:

غالب اور ..... یہیں کے میرؔ آکالی داسؔ ⟸ یہیں ہوا تھا سچائی کا گوتم کو احساس

(i) کبیرؔ (ii) میرؔ (iii) ٹیگورؔ (iv) اقبالؔ

Answers — جوابات

1	(iii)	11	(i)	21	(iii)	31	(ii)	41	(iii)
2	(ii)	12	(iii)	22	(iii)	32	(iii)	42	(iii)
3	(i)	13	(ii)	23	(iv)	33	(iv)	43	(iii)
4	(iii)	14	(i)	24	(ii)	34	(iii)	44	(iii)
5	(iv)	15	(iii)	25	(iii)	35	(iii)	45	(ii)
6	(iii)	16	(iii)	26	(i)	36	(iii)	46	(iii)
7	(ii)	17	(iv)	27	(iv)	37	(i)	47	(i)
8	(iii)	18	(iii)	28	(iii)	38	(i)	48	(iv)
9	(ii)	19	(i)	29	(iv)	39	(iii)	49	(ii)
10	(iii)	20	(iii)	30	(ii)	40	(ii)	50	(iii)

AglaSem Earn while Learn Program. Send your papers and get paid.
Contact: support@aglasem.com
schools.aglasem.com
aglasem.com